# دس دن قیام کے قصد سے پھرجانا

## دس دن قیام کے قصد سے پھرجانا

مسئلہ۵۷۹۔ اگر کوئی مسافر دس دن قیام کا قصد رکھتا ہو لیکن چار رکعت والی ایک یومیہ ادا نماز پڑھنے سے پہلے اپنے قصد سے پھرجائے یا تردیدکا شکار ہوجائے تو اس کی نماز قصر ہوگی۔

مسئلہ۵۸۰۔ جس شخص نے دس دن قیام کا قصد کیا ہو چار رکعت والی ایک یومیہ ادا نماز پڑھنے کے بعد جب تک اس جگہ قیام کرے اس کی نماز پوری ہوگی اگرچہ اپنے قصد سے پھرجائے اور وہاں دس دن نہ رہنا چاہے لیکن اگر فقط نماز صبح یا نماز مغرب پڑھے اور اس کے بعد اپنے قصد سے پھرجائے تو اس کی نماز قصر ہوگی۔

مسئلہ۵۸۱۔ اگر پہلی چارکعتی نماز پڑھتے ہوئے دس دن قیام کے قصد سے پھرجائے اور دس دن سے کم رہنا چاہے تو اس کی نماز قصر میں بدل جائے گی بنابرایں اگر تیسری رکعت کے رکوع میں پہنچنے سے پہلے ارادہ کرے تو ضروری ہے کہ نماز کو قصر کرکے ختم کرے اور چنانچہ تیسری رکعت کے رکوع سے پہلے ہو تو احتیاط واجب کی بناپر ضروری ہے کہ بیٹھ جائے اور نماز کو قصر کرکے ختم کرے اور قصر کرکے دوبارہ پڑھے۔ اگر تیسری رکعت کے رکوع میں داخل ہوچکا ہو تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ۵۸۲۔ جس شخص نے دس دن قیام کا قصد کیا ہو اگر روزہ رکھے اور چاررکعتی نماز پڑھنے سے پہلے اپنے قصد سے پھرجائے تو زوال کے بعد قصد سے پھرجانے کی صورت میں اس کا روزہ صحیح ہے لیکن اگر زوال سے پہلے ہو تو روزہ باطل ہے۔

مسئلہ۵۸۳۔ جس شخص نے دس دن قیام کا قصد کیا ہو اگر اس سے چار رکعتی نماز قضا ہوجائے اور کوئی دوسری چار رکعتی نماز ادا کی صورت میں پڑھے بغیر اپنے قصد سے پھرجائے تو بعد کی نمازوں کو قصر کرکے پڑھےلیکن قضا ہونے والی نماز کو حتی سفر میں بھی پوری کرکے قضا کرے۔

مسئلہ۵۸۴۔ گذشتہ مسئلے میں اگر اسی سفر کے دوران نماز کو پوری کرکے قضا کرے اور اس کے بعد قیام کے قصد سے پھرجائے تو یہ چار رکعتی نماز بعد کی نمازوں کو پوری کرکے پڑھنے کے لئے کافی نہیں اور اس کی نماز قصر ہوگی۔

مسئلہ۵۸۵۔ اگرکوئی شخص ایک چار رکعتی نماز پڑھنے کے بعد دس دن قیام کے قصد سے پھرجائے اس صورت میں کہ جب اسے علم ہوجائے کہ اس کی نماز باطل تھی تو اس کا وظیفہ قصر کرکے پڑھنا ہے۔

مسئلہ۵۸۶۔ اگر کوئی شخص چار رکعتی نماز کا وقت گزرنے کے بعد دس دن قیام کے قصد سے پھرجائے اور شک کرے کہ گزرے ہوئے وقت کے اندر نماز پڑھی تھی یا نہیں تو ضروری ہے یوں سمجھے کہ نماز پوری کرکے پڑھی ہے اور بعد کی نمازوں کو بھی پوری کرکے پڑھے۔

مسئلہ۵۸۷۔ اگر کوئی شخص دس دن قیام کے قصد سے پھرجانے کے بعد شک کرے کہ قصد سے پھرجانے سے پہلے ایک چار رکعتی نماز پڑھی ہے یا نہیں تو اس کی نماز قصر ہوگی۔